سرمایہ کاروں کے لیے بینک الفلاح مندرجہ ذیل معلومات ایس ای سی پی کے
احکامات کے تحت اُردو زبان میں پیش کر رہا ہے۔

**(الف) معلومات برائے کمپنی۔**

| | | |
|---|---|---|
| (i | ویژن ، مشن اور جانز کاروباری سرگرمیاں | |
| | ویژن:<br>لوگوں کو اپنی زندگی اور کاروبار میں ترقی کے لیے انکی فکری صلاحیت میں اضافہ اور حوصلہ افزائی کرنا۔<br>مشن:<br>ہم مارکیٹ کو جدید زاویہ نگاہ سے دیکھتے ہیں تاکہ ترقی کے لیے نئے مواقع پیدا ہوسکیں اور ہمارے کسٹمرز مالیاتی دُنیا میں کامیابی کے نئے راستے پر گامزن ہوسکیں۔ | |
| | بینک الفلاح اپنی وسیع پروڈکٹ رینج کی بدولت کنزیومر، کارپوریشن، انسٹیٹیوشنز اور سرکاری اداروں کو مالی سہولیات فراہم کرتا ہے جس میں کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ، کنزیومر بینکنگ، کمرشل بینکنگ، ایس ایم ای (SME) ،ایگری فنانس، اسلامک اور ایشٹ(Asset) فنانسنگ شامل ہیں۔ | |
| (ii | کمپنی کی حیثیت | پبلک لمیٹڈ اور لسٹڈ کمپنی |
| (iii | کمپنی کا رجسٹریشن نمبر | 0027580 |
| (iv | قومی ٹیکس نمبر | 0698202-6 |
| (v | رجسٹرڈ دفتری پتہ، ہیڈ آفس | بی اے ، بلڈنگ ، آئی ، آئی چندریگر روڈ، پی ،او بکس 6773، کراچی 74000۔ |
| (vi | ٹیلی فون نمبر: | 32414030-10<br>یو اے این: 786-777-111 (21) 92+<br>فیکس: 35319818- (21) 92+<br>3246127- (21) 92+5 |
| (vii | دیگر برانچ دفاتر | مندرجہ ذیل لنک چیک کریں۔<br>http://www.bankalfalah.com/branch-atm-locator/ |
| (viii | ای میل ایڈریس: | contactus@bankalfalah.com |

(ب) انتظامیہ:۔

(i) معلومات برائے ڈائریکٹر حضرات:۔

**ہزہائی نس شیخ نہیان مبارک النہیان ۔ چیئرمین**

ہزہائی نس شیخ نہیان مبارک النہیان ابوظہبی، متحدہ عرب امارات کے حکمران خاندان کے اہم فرد ہیں۔ اس وقت عزت مآب متحدہ عرب امارات کی کابینہ کے رکن اور وزیر برائے ٹالرنس کے عہدے پر فائز ہیں۔ ان ذمہ داریوں سے قبل وہ وزیر برائے کلچر اور نالج ڈیولپمنٹ کلچر، یوتھ اور سوشل ڈیولپمنٹ اور وزیر برائے ہائر ایجوکیشن اینڈ سائنٹیفک ریسرچ کے عہدوں پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اپنی وزارتی ذمہ داریوں کے ساتھ وہ تعلیمی شعبے میں نمایاں کامیابیوں کے حصول اور ترقی و استحکام کے لیے تعلیم کے کردار کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ہزہائی نس متحدہ عرب امارات کے علاوہ پاکستان، افریقہ، امریکا اور وسط ایشیاء میں ہوٹلز اور دیگر شعبوں میں کی جانے والی سرمایہ کاری میں بھی نمایاں کاروباری ملکیت کے حامل ہیں۔ ہزہائی نس مختلف مقامی اور غیرملکی اداروں کے سرپرست اعلیٰ کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کے ساتھ مختلف اداروں کے چیئرمین، بورڈ اور ٹرسٹس کے ڈائریکٹر کے طور پر بھی فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ان کا براہ راست اور بالواسطہ کاروبار مختلف صنعتوں اور شعبہ جات پر مشتمل ہے جن میں بینکاری، ٹیلی کام، انشورنس، ہاسپیٹلیٹی، ہیلتھ کیئر، تعمیرات، پراجیکٹ فنانسنگ اینڈ انویسٹمنٹ منجمنٹ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ وہ مختلف فلاحی اداروں کی معاونت کے ساتھ ابوظہبی

فیوچر سینٹر فار اسپیشل نیڈز کے اعزازی صدر کی حیثیت سے خصوصی بچوں کی مدد اور بحالی میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ہزہائی نس کے پاکستان کی معاشی ترقی میں کردار کے اعتراف میں 2005میں انہیں پاکستان کے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ "ہلالِ پاکستان" سے نوازا گیا۔ آپ نے Magdalen کالج منسلکہ آکسفورڈ یونیورسٹی برطانیہ میں شمولیت سے قبل اپنی تعلیم برطانیہ کے مِلفیلڈ اسکول سے حاصل کی۔

**عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری - ڈائریکٹر**

عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری متحدہ عرب امارات کی نمایاں کاروباری شخصیت ہیں۔ وہ الناصر ہولڈنگز اینڈ گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین ہیں۔ وہ سعودی اماراتی کوآرڈینیشن کونسل اور اکنامک کولبریشن کمیٹی کے بھی ممبر ہیں۔ اس کے علاوہ ابوظہبی، متحدہ عرب امارات کے نیشنل انویسٹر کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ یونائیٹڈ عرب بینک اور ابوظہبی کے پانی و بجلی کے محکموں کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے چکے ہیں اس کے علاوہ ADNOC، جنرل انڈسٹریز کارپوریشن، ابوظہبی کے ڈائریکٹر پراجیکٹس، جنرل انڈسٹریل کارپوریشن ابوظہبی کے ڈائریکٹر جنرل اور وائس چیئرمین بھی رہ چکے ہیں۔ وہ ابوظہبی شپ بلڈنگ کمپنی PJSC کے چیئرمین اور بورڈ کے دیگر عہدوں پر بھی فائض رہ چکے ہیں۔ عبداللہ ناصر حویلیل المنصوری نے الیکٹریکل انجینئرنگ کے شعبے میں B.Sc. (Hons) کی ڈگری برطانیہ کی Swanseaیونیورسٹی سے حاصل کی۔

## عبداللہ خلیل المتاویٰ ۔ ڈائریکٹر

عبداللہ خلیل المتاویٰ شیخ سرور بن محمد النہیان کے جنرل منیجر ہیں۔ وہ ابوظہبی کمرشل بینک لمیٹڈ کے ڈائریکٹر، چیئر مین برائے مخازن انویسٹمنٹ کمپنی ابوظہبی، ای ایف جی ہرمز ہولڈنگ ، ایس اے ای کے ڈائریکٹر اور ابو ظہبی نیشنل ہوٹلز کمپنی کے ڈائریکٹر ہیں۔ عبداللہ خلیل المتاویٰ نے بزنس ایڈمنسٹریشن میں .B.Sc کی تعلیم امریکا کی یونیورسٹی آف نارتھ کیرولینا سے حاصل کی ہے۔

## خالد مانا سعید العتیبہ ۔ ڈائریکٹر

خالد مانا سعید العتیبہ عزت مآب جناب صدر متحدہ عرب امارات کے ذاتی مشیر جناب ڈاکٹر مانا سعید العتیبہ کے آفس منیجر ہیں۔ وہ العتیبہ گروپ آف کمپنیز کے ڈپٹی چیئرمین کے عہدے پر بھی فائض ہیں۔ خالد مانا سعید العتیبہ الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ پاکستان اور ای ایف جی ہر مز ہولڈنگ ایس اے ای کے بھی ڈائریکٹر ہیں۔ وہ لیوا انٹرنیشنل انویسٹمنٹ ٹورازم اینڈ رائل میراج ہوٹل اینڈ ریزورٹ لمیٹڈ مراکش کے ڈائریکٹر اور Ghantout انٹرنیشنل کے چیئر مین کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ خالد مانا سعید العتیبہ سفولک یونیورسٹی آف میساچیوسٹس،بوسٹن امریکا سے فارغ التحصیل ہیں جہاں سے انہوں نے انٹرنیشنل اکنامکس میں بیچلر آف آرٹس اینڈ سائنس کی ڈگری حاصل کی ہے۔

## جناب عاطف باجوہ۔ڈائریکٹر اور سی ای او

جناب عاطف باجوہ ، بینکاری کے شعبے میں 37 سال سے زیادہ بین الاقوامی تجربے کے حامل ہیں اور اس دوران متعدد کلیدی عہدوں پر فائز رہے ہیں۔ انھوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 1982 میں سٹی بینک سے کیا اور اس کے بعد کئی مقامی اور بین الاقوامی بینکوں میں اعلیٰ عہدوں پر خدمات سرانجام دیں ۔آپ بینک الفلاح کے صدر / سی ای او ، ایم سی بی بینک(MCB) اور سونیری بینک کے صدر / سی ای او ، سٹی گروپ کے ریجنل ہیڈ برائے سینٹرل اور ایسٹرن یورپ ، اے بی این ایمرو(ABN Amro) کے ہیڈ آف کنزیومر بینکنگ برائے ایشیاء پیسیفک ریجن اور اے بی این ایمرو پاکستان (ABN Amro Pakistan) کے کنٹری منیجر رہ چکے ہیں۔ جناب عاطف باجوہ کاروبار ی ، سماجی اور عوامی مفاد کے شعبوں میں بھی سرگرم رہے ہیں اور کئی کلیدی اداروں کی رہنمائی کر چکے ہیں جنھوں نے سماجی اور معاشی میدانوں کو متاثر کیا۔ اس سلسلے میں ، آپ پاکستان بزنس کونسل (PBC) کے چیئر مین اور اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (OICCI) کے صدر کے عہدوں پر فائز ہیں۔آپ کئی پرائیویٹ اور پبلک سیکٹر کمپنیز کے بورڈز کے ڈائریکٹر بھی رہے ہیں۔ جناب عاطف باجوہ نے اپنی تعلیم کولمبیا یونیورسٹی ، نیو یارک سے حاصل کی ہے۔

## جناب خالد قریشی ، ڈائریکٹر ، بینک الفلاح لمیٹڈ

جناب خالد قریشی ایک ریٹائرڈ بینکر ہیں جو بین الاقوامی بینکاری کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔انھوں نے ایک بڑے بین الاقوامی امریکی بینک میں 38

سال اپنی خدمات انجام دیں جہاں ان کی مہارت کارپوریٹ رسک مینجمنٹ اور پروفٹ سینٹر / فرنچائز مینجمنٹ کے شعبے میں تھی ۔ اس دوران مشرقِ وسطیٰ ، افریقہ اور ترکی آپریشنز کے لیے رسک مینجمنٹ ان کی ذمہ داریوں میں شامل تھا۔ انھوں نے مجموعی ادارہ جاتی پالیسی ڈیبیٹ اور حکمتِ عملی تیار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ رسک کے شعبے میں اعلیٰ ذمہ داریاں لینے سے قبل ، انھوں نے مشرقِ وسطیٰ اور افریقہ میں کئی بڑی کنٹری فرنچائزز منظم کیں جس کے وسیع پورٹفولیو میں بڑی کارپوریٹس ، حکومتی ادارے ، مالیاتی ادارے اور اس کے ساتھ ساتھ ایس ایم ایز اور پی ای کمپنیز بھی شامل تھیں ۔

جناب خالد قریشی نے مئی 2015 سے فروری 2018 تک بینک الفلاح کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی اپنے فرائض ادا کیے ۔ وہ ٹی ایم بی پاکستان، این ایم بی بینک زمبابوے ، سٹی بینک نائیجیریا کے بورڈ ممبر بھی رہ چکے ہیں ، اس کے علاوہ سٹی انٹرنیشنل اسلامک بینک بحرین کے وائس چیئر مین اور ایچ بی ایل پاکستان میں بطور کنسلٹنٹ بھی اپنی خدمات پیش کر چکے ہیں ۔ اس وقت ، وہ SIDRA کیپیٹل ، سعودی عریبیہ میں انویسٹمنٹ کمیٹی کے ممبر ہیں ۔ انھوں نے آئی بی اے / کراچی یونیورسٹی سے بزنس ایڈ منسٹریشن میں ماسٹرز ڈگری حاصل کی ہے ۔

## ڈاکٹر عائشہ خان ۔ڈائریکٹر

ڈاکٹر عائشہ کے خان امرجنگ مارکیٹس میں کارپوریٹ اسٹریٹجی اور انسٹیٹیوشنل گروتھ کے شعبے کی ماہر ہیں ۔ آپ اس وقت ایکومین ، جو کہ ایک گلوبل امپیکٹ انویسٹمنٹ فنڈ ہے ،کی پاکستان میں سی ای او اور

کنٹری ہیڈ ہیں۔ اس سے پہلے وہ ایچ بی ایل میں ہیڈ آف اسٹریٹجی اینڈ کارپوریٹ پلاننگ تھیں اور وہ بینک میں اس پوزیشن پر تعینات ہونے والی پہلی شخصیت تھیں۔ انھوں نے نیو یارک میں میک کنسے اینڈ کمپنی کے ساتھ بطور مینجمنٹ کنسلٹنٹ کام کیا جہاں انھوں نے فنانشل سیکٹر پر توجہ مرکوز کی۔ اس کے علاوہ یو این ڈی پی کے ساتھ ملینیئم ڈیویلپمنٹ پروجیکٹ میں بطور مشیر کام کیا۔ انھوں نے ڈاکٹریٹ ڈگری ہارورڈ بزنس اسکول ( ایچ بی ایس ) سے حاصل کی جہاں انھوں نے کارپوریٹ اسٹریٹجی اور انسٹیٹیوشنل ڈیویلپمنٹ اور امرجنگ مارکیٹس پر توجہ مرکوز کی۔ ان کی ڈاکٹورل ریسرچ بینکنگ سیکٹر میں کنزیومر فنانشل چوائسز پر مرکوز رہی۔ اس کے علاوہ انھوں نے ایچ بی ایس کیس اسٹڈیز بھی لکھیں اور ان کے کئی آرٹیکلز کامیاب کاروبار بنانے کی مختلف جہتوں کے حوالے سے مختلف بین الاقوامی جرائد بشمول ہارورڈ بزنس ریویو اور ہارورڈ لاء اسکول آئی ایل ایس پی میں شائع ہوچکے ہیں۔ان کے پاس ہارورڈ کینڈ ی اسکول سے انٹرنیشنل ڈیویلپمنٹ میں ماسٹرز ڈگری ہے ، اس کے ساتھ ساتھ پرسٹن یونیورسٹی سے اکنامکس میں انڈر گریجویٹ ڈگری ہے۔

## ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈ کس ۔ڈائریکٹر

ڈاکٹر جیوری ٹامس لیڈ کس متحرک ، ورسٹائل پروفیشنل اور آرگنائزیشن لیڈر ہیں جو مالیاتی خدمات کے حوالے سے 27 سال سے زیادہ تجربے کے حامل ہیں۔ ڈیجیٹل بینکنگ ، فن ٹیک شراکت ، جدت ، بزنس اسٹریٹجی ، اوپن اے پی

ایل اور ملٹی چینل بینکنگ پلیٹ فارم ، آرگنائزیشن اینڈ بزنس ٹرانسفارمیشن اینڈ ڈیویلپمنٹ ، آئی پی او تیاری ، آپریشنز اینڈ ٹیکنالوجی ، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ، کریڈ ٹ ایڈمنسٹریشن اینڈ کولیکشن ، بزنس پلاننگ ، پروگرام اینڈ پروجیکٹ مینجمنٹ ، بزنس انٹیلیجنس اینڈ اینالیٹکس ، کاروبار کی توسیع کی سرگرمیاں ، معیار سے متعلق اقدامات ، ادغام اور حصول کے لیے بزنس کیس ڈیویلپمنٹ ، ذرائع میں اضافہ ، ملازم او تھرڈ پارٹی تعلقات ، آپریشنل پراسیسز ، کنٹرولر ، رسک اسسمنٹ فریم ورکس اینڈ کوالٹی اشورنس کے ساتھ مینجمنٹ کے بہترین تجربے کے حامل ہیں۔ ان کا بزنس اینڈ پروڈکٹ اسسمنٹ ( ڈیجیٹل ، ریٹیل ، کمرشل ، ٹریژری اینڈ گلوبل مارکیٹس ) ، ٹیکنیکل اینڈ آپریشنل سلوشن ڈلیوری ، پروسیس امپلیمنٹیشن ، اچیونگ اینڈ منٹیننس آف کوالٹی اسٹینڈرڈز ، کسٹمر سروس بینچ مارکس ، ملازمین کی تسلی کا وسیع تجربہ ہے۔ اسٹریٹجک پلاننگ او رانفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال ، بزنس پروسیسز اور کاروباری مسائل کے عملی حل کی فراہمی میں انھیں مہارت حاصل ہے۔ انھیں وسیع جغرافیائی تجربہ بشمول یو اے ای ، مصر ، افریقہ ، بھارت ، پاکستان ، وسطی یورپ ، روس ، سنگاپور اور برونائی ہے۔ اسوقت سلور لیک سیمٹری کے سی ای او ہیں۔ اس سے پہلے آپ برونائی میں بینک اسلام برونائی دارلسلام ( بی آئی بی ڈی ) میں چیف آپریٹنگ آفیسر اورفجر کیپیٹل میں انٹرنیشنل ڈائریکٹر بھی رہے ہیں۔ ماضی میں انھوں نے بطور چیف ٹیکنالوجی آفیسر بارکلے بینک ، امرجنگ مارکیٹ ، ریجنل ٹیکنالوجی آفس ، دبئی ، چیف آپریٹنگ آفیسر ، پراگ ، سٹی بینک سینٹرل یورپ کلسٹر ، ہیڈ آف آپریشنز سٹی بینک

ہنگری ، بدھا پسٹ وغیرہ میں کام کیا ہے ۔ آپ نے اکنامکس میں ڈاکٹریٹ ڈگری اور الیکٹریکل انجنیئرنگ اور انفارمیٹکس میں ماسٹرز ڈگری بدھا پسٹ یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی اینڈ اکنامکس سے حاصل کی ۔ اس کے علاوہ فارن ٹریڈ ۔ ایڈوانس بزنس ایڈ منسٹریشن اور ایڈوانسڈ بینکنگ فنانشل مینجمنٹ پروگرام میں بھی قابلیت کے حامل ہیں ۔

| | | |
|---|---|---|
| (ii) | کمپنی کے آڈیٹر ز کا نام | EY فورڈ رہوڈز ، چارٹرڈ اکانونٹنٹس ۔ |
| (iii) | لیگل ایڈوائزر کا نام | مانڈو یرالا اینڈ ظفر (ایڈووکیٹ اینڈ لیگل کنسلٹنٹس) |
| (ج) | انویسٹر ریلیشن: حصص یافتگانمعلومات اور شکایات کے لیے مجاز بینک آفیسر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ | جناب حسنین اطہر<br>سینیئر مینجر کمپنی سیکریٹریٹ ، بینک الفلاح لمیٹڈ<br>لیگل افیئرز ڈویژن ، 3rd فلور ، B.A بلڈنگ ، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی۔<br>فون نمبر: 111-777-786 ایکسٹینشن: 2668،<br>فیکس: 021-32413945 ۔<br>ای میل : hasnain.athar@bankalfalah.com |
| | ویب لنک برائے SECP / شعبہ برائے انویسٹر شکایات | ویب سائیٹ:<br>http://www.secp.gov.pk/ComplaintForm1.asp);<br>اگر آپ کی شکایات کا ازالہ نہیں ہوا تو آپ اپنی شکایت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے پاس درج کرواسکتے ہیں۔ SECP صرف ان شکایات کو سنے گا جو پہلے کمپنی کے پاس درج کی گئی ہوں اور کمپنی ان کا ازالہ کرنے میں ناکام رہی ہو ۔مزیدیہ کہ وہ شکایات جو SECP کے دائرہ کار میں نہیں آتیں ان پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ |
| | نوٹس برائے جنرل میٹنگز : | https://www.bankalfalah.com/election-of-directors |

| | | |
|---|---|---|
| | | |
| (د) | انتخابات برائے ڈائریکٹر | بینک کے موجودہ ڈائریکٹرز 27مئی 2021ء کو تین سال کی مدت کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ |
| (ہ)<br>(i)<br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br>(ii) | انویسٹرز کی معلومات کے لیے مالیاتی رپورٹس کے لیے دیئے گئے ویب لنک پر کلک کیجئے۔<br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br>شیئر رجسٹرار: | موجودہ اور پچھلے دو سال کے سالانہ مالیاتی گوشوارے:<br>http://www.bankalfalah.com/financial-reports/<br><br>پانچ سالہ مالیاتی کارکردگی کا خلاصہ:<br>http://www.bankalfalah.com/investor-information/financial-highlights/<br><br>موجودہ اور پچھلی تین سہ ماہیوں کے عبوری مالیاتی حسابات:<br>http://www.bankalfalah.com/financial-reports/<br><br>ایف ڈی رجسٹرار سروس (SMC) پرائیویٹ لمیٹڈ۔<br>1705، 17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور اے، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000۔<br>فون نمبر: 92-21-35478192-3, 32271906۔<br>فیکس: 92-21-32621233۔<br>ای میل: fdregistrar@yahoo.com<br>fdregistrar@hotmail.com |